نوحۂ غم بر وفات حضرۃ مفتی اعظمؒ

نظم از حافظ محمد ابراہیم فانی۔ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

★

آفتابِ علم و حکمت ضوفشاں جاتا رہا ملتِ بیضاء کا مخلص پاسباں جاتا رہا
سوئے علیین مخدومِ جہاں جاتا رہا مفتی محمود محمودِ زماں جاتا رہا

حیف مے خانہ تہی ہے گردشِ ساقی نہیں
بزم آرائی نہیں شوقِ جنوں باقی نہیں

آبروئے بزمِ گیتی نیّرِ صبحِ زمن واقفِ رمزِ سیاست شمعِ تہذیبِ کہن
پیکرِ صدق و صفا تھے گوہرِ یکتائے فن جن کی شخصیت تھی اپنی ذات میں اک انجمن

نازشِ محمودؒ و قاسمؒ آہ رخصت ہو گیا
مردِ مومن مردِ حق آگاہ رخصت ہو گیا

کوہِ استقلال و ہمت اے ہمالۂ وقار اے زعیم ملک و ملت حق شناس و حق شعار
تاجدارِ فقر تو صبر و رضا کے شاہکار حضرتِ شیخ اسیرِ مالٹا[1] کی یادگار

بوذرؓ و سلمانؓ کی زندہ نشانی آپ ہیں
عزم و ہمت میں مجددِ الف ثانیؒ آپ ہیں

★

---

[1] اسیرِ مالٹا شیخ الاسلام شیخ العرب والعجم السید حسین احمد مدنی نوراللہ مرقدہٗ۔